ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

رواں سال مورخہ 30 نومبر 2018ء تک 1111 اسٹریٹ کریمنلز گرفتار۔

کراچی 09 دسمبر 2018ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر کلیم امام کو شہر میں جرائم کیخلاف جاری پولیس ایکشن، چھاپوں، پیٹرولنگ، پکٹنگ، اسنیپ چیکنگ اور ناکہ بندی وغیرہ جیسے اقدامات پر مشتمل ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ کراچی کے سات مختلف اضلاع میں رواں سال مورخہ یکم جنوری سے لیکر 30 نومبر 2018ء تک مجموعی طور پر 1111 اسٹریٹ کریمنلز کو گرفتار کیا گیا۔

رپورٹ کیمطابق ایسٹ سے 141، ملیر 145، کورنگی 173، ویسٹ 237، سینٹرل 200، ساؤتھ 106، جبکہ سٹی سے 109 اسٹریٹ کریمنلز کو گرفتار کیا گیا۔ علاوہ ازیں مذکورہ دورانیئے میں شہریوں سے چھینے و چوری کئے گئے 674 موبائل فونز بھی برآمد کئے گئے۔

رپورٹ میں بتایا گیا کہ جرائم کیخلاف جاری مختلف مہموں اور اقدامات کی بدولت کرائم ریٹ کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔

آئی جی سندھ نے رپورٹ کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ پولیس اقدامات اور حکمت عملی کو ایک بہترین پیشہ ور اور ماہر فورس کے طور پر قابل عمل بنایا جائے تاکہ امن وامان کے حالات کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام کو منتقل ہوسکیں۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔